صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعة المبارک مورخہ 08 مئی 2015ء بمطابق 18 رجب 1436 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر دس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

قَدۡ أَفۡلَحَ مَن تَزَکَّیٰO وَذَکَرَ اسۡمَ رَبِّہِۦ فَصَلَّیٰO بَلۡ تُؤۡثِرُونَ الۡحَیَوٰۃَ الدُّنۡیَاO وَالۡأٓخِرَۃُ خَیۡرٌ وَأَبۡقَیٰٓ O إِنَّ ہٰذَا لَفِی الصُّحُفِ الۡأُولَیٰO صُحُفِ إِبۡرٰہِیمَ وَمُوسَیٰ۔

(ترجمہ): بے شک وہ مراد کو پہنچ گیا جو پاک ہوا۔ اور اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کرتا رہا اور نماز پڑھتا رہا۔ مگر تم لوگ تو دنیا کی زندگی کو اختیار کرتے ہو۔ حالانکہ آخرت بہت بہتر اور پائندہ تر ہے۔ یہ بات پہلے صحیفوں میں (مرقوم) ہے۔ (یعنی) ابراہیم اور موسیٰ کے صحیفوں میں۔ وآخِرُ الدَعۡوَانا أَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِینَ۔

جناب سپیکر: ہاں جی، سیکرٹری صاحب!

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! کورم پورا نہیں ہے۔

جناب سپیکر: اچھا، دو منٹ کیلئے گھنٹی بجائی جائے۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب سپیکر: پندرہ منٹ کیلئے بریک دیتے ہیں۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی کچھ دیر کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

نشانزدہ سوالات اور انکے جوابات

Mr. Speaker: ‘Questions` Hour’: Question No. 1909, Azam Khan, not present. 2226, Salih Muhammad, not present. 2240, Mohtarama Najma Shaheen.

* 2240 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیا وزیر زراعت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کوہاٹ میں قابل کاشت اور ناقابل کاشت اراضی موجود ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع کوہاٹ میں قابل کاشت اور ناقابل کاشت اراضی کا کل کتنا رقبہ ہے، تفصیل بمعہ اعداد و شمار مہیا کی جائے، نیز بارانی اور آبی زمین کی بھی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب اکرام اللہ خان گنڈاپور (وزیر زراعت): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) ضلع کوہاٹ میں:

قابل کاشت رقبہ	90218ہیکٹیئر
ناقابل کاشت رقبہ	314437ہیکٹیئر

بارانی اور آبی رقبہ کی تفصیل:

کل آبی رقبہ	18275ہیکٹیئر
کل بارانی رقبہ	71943ہیکٹیئر

محترمہ نجمہ شاہین: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ یہاں اتنا بڑا رقبہ زمین کا آبی اور غیر آبی بتایا گیا ہے۔ کوہاٹ میں زراعت کے دس مختلف محکمے موجود ہیں اور کروڑوں کا فنڈ بھی دیا جاتا ہے جناب سپیکر صاحب، جو کہ خرد برد ہو جاتا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، دس پندرہ سال پہلے کوہاٹ میں، کوہاٹ سے سبزی اور فروٹ جو ہیں تو وہ پورے صوبے میں سپلائی کئے جاتے تھے، اب جبکہ یہ حال ہے کہ وہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: سپلیمنٹری کوئسچن کیا ہے اس میں؟

محترمہ نجمہ شاہین: اس میں یہ ہے، مطلب یہ اتنا رقبہ جو بتایا گیا ہے جناب سپیکر صاحب، تو اس میں ابھی تک جو پچھلے دس پندرہ سالوں سے سبزی اور فروٹ کی سپلائی یہاں سے کی جاتی تھی پورے صوبے میں جو کہ اب اس طرح نہیں کی جاتی، یہ ڈیپارٹمنٹ کی نااہلی کا ثبوت ہے جو کہ ابھی تک اس پر کوئی عملدرآمد نہیں کیا اور جتنا فنڈ ڈال دیا جاتا ہے، وہ خرد برد کیا جاتا ہے۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب، منسٹر ایگریکلچر، ایگریکلچر منسٹر، اکرام اللہ گنڈاپور صاحب!

وزیر زراعت: جی جو جواب ہے، وہ تو ہم نے محترمہ کو دیا ہے، اگر وہ اس سے Satisfied نہیں ہیں تو میں نے تو ان سے کل بھی فون پر بات کی تھی لیکن اگر یہ مطمئن نہیں ہیں اور اس کو اگر کمیٹی کو ریفر کرنا چاہتی ہیں تو بالکل کر دیں۔

جناب سپیکر: جی میڈم! اس نے ڈیمانڈ ہی نہیں کی ہے، بہر حال منسٹر صاحب آپ کو وہ کرلیں گے، جو جو آفیسرز چاہئیں، آپ کی میٹنگ اس کے ساتھ Proper کروالیں گے۔ ٹھیک ہے جی؟

محترمہ نجمہ شاہین: کمیٹی کو ریفر نہیں کرنا، بالکل ایک کمیٹی ایسی بنا دی جائے جو کہ اس ڈیپارٹمنٹ کیلئے مطلب مختص ہو جائے کہ جو فنڈ جاتا ہے یا وہاں پر جو کام نہیں ہو رہا ہے تو اس کیلئے کوئی ریسرچ ہو سکے۔ چونکہ پیسہ بھی ضائع جا رہا ہے حکومت کا اور وہاں پر اس کیلئے، اس سے پہلے سبزی اور فروٹ کے جو باغات تھے، وہ سارے تباہ کئے تباہ ہو چکے ہیں۔ میرا مقصد یہ ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی میڈم۔ جی منور خان۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر! میڈم نے بہت اہم مسئلے کی نشاندہی کی ہے، میڈم کا مطلب یہ ہے کہ کوہاٹ میں جو نا قابل کاشت زمین ہے تو ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ نے اس کیلئے کوئی، اس قسم کا کوئی بندوبست ہے کہ یہ جو غیر آباد زمین ہے، اس پر کوئی وہ توجہ دے سکتے ہیں؟ اسی معاملے میں یہ منسٹر صاحب سے پوچھنا چاہتی ہیں کہ ان کا کوئی پروگرام ہے کہ جو فروٹ کے وہاں کے باغات ہیں جو تباہ ہو رہے ہیں یا خراب ہو رہے ہیں، اس کے متعلق ان کا کوئی پروگرام ہے کہ اس کو دوبارہ آباد کرلیں سر؟

جناب سپیکر: جی۔

وزیر زراعت: میں نے تو جی ان کو کہہ دیا ہے، ہم نے اپنا سوال لکھ کر بھیجا ہوا ہے، اگر اس کو تسلی نہیں ہے اور منور خان صاحب کو چیئرمین بنادیں تاکہ وہ اس کا فیصلہ کردیں۔

(قہقہے)

جناب سپیکر: میرے خیال میں یہ منسٹر صاحب کے ساتھ بیٹھ جائیں گی اور اس کے ساتھ ایک Proper meeting arrange کرکے ان کے جو خدشات ہیں، وہ آپ دور کرلیں جی۔ ٹھیک ہے، میڈم؟

وزیر زراعت: بالکل۔

Mr. Speaker: Next 2241, Najma Shaheen.

* 2241 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیا وزیر زراعت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع کوہاٹ میں زراعت کا انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ موجود ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کی عمارت اور اراضی اب کس مقصد کیلئے استعمال ہو رہی ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب اکرام اللہ خان گنڈاپور (وزیر زراعت): (الف) جی ہاں، ضلع کوہاٹ میں زراعت کا انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ موجود ہے۔

(ب) محکمہ زرعی انجینئرنگ کے پاس ضلع کوہاٹ (غلام بانڈہ) میں کل 21 کنال اور 4 مرلہ زمین موجود ہے جس میں محکمہ زرعی انجینئرنگ کا دفتر اور ورکشاپ کی عمارت ہے۔

سال 2001 کی محکمانہ تنزلی (Downsizing) سے پہلے محکمہ زرعی انجینئرنگ کوہاٹ کے پاس کل 121 کنال 4 مرلے اراضی موجود تھی جس پر محکمہ ہذا کا دفتر اور ورکشاپ تعمیر تھا۔ محکمہ ہذا کی تنزلی کے بعد تمام

اراضی محکمہ لائیوسٹاک ریسرچ کے حوالہ کی گئی، بعدازاں جولائی 2013 جو زرعی انجینئرنگ کوہاٹ کا دفتر دوبارہ بحال ہونے پر محکمہ زرعی انجینئرنگ نے 21 کنال چار مرلہ اراضی واپس حاصل کرلی ہے جس پر پرانی بوسیدہ عمارت موجود ہے۔اس عمارت کو زرعی انجینئرنگ کا دفتر بحال ہونے پر دوبارہ قابل استعمال لانے کی کوشش جاری ہے۔فی الحال زرعی انجینئرنگ کوہاٹ کا دفتر "خالد منصور کالونی" بنوں روڈ کوہاٹ میں قائم کیا گیا ہے۔

محترمہ نجمہ شاہین: 2241۔جناب سپیکر صاحب، یہاں سوال کے جواب میں انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ ہے زراعت کا، وہ موجود ہے لیکن ابھی تک استعمال میں نہیں ہے، بالکل کرایہ کی جگہ لے کر وہاں پر دفتر دوسرا بنا دیا گیا ہے اور یہ جو کھنڈر بن رہا ہے تو یہ کس سے، اس پر مطلب یہ کہ جو الگ سے کرایہ اس کیلئے مختص کیا جا رہا ہے فنڈ میں سے ہی، تو اسی کو یہ 2013 میں لکھا ہوا ہے، 2013 میں اس کو واپس کر دیا گیا تھا لیکن ابھی تک، 2015 ہو چکا ہے اور ابھی اس کو کیوں استعمال میں نہیں لایا جا رہا ہے؟

جناب سپیکر: جناب اکرام اللہ گنڈاپور صاحب!

وزیر زراعت: وہی جواب ہے جو پہلے کہا گیا ہے، اگر ان کی تسلی ہوتی ہے تو صحیح ہے، نہیں ہوتی تو جیسے یہ کہے گی، ہم ان کی تسلی کرا دیں گے۔

جناب سپیکر: جی میڈم!

محترمہ نجمہ شاہین: اس سوال کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے تاکہ اس میں۔۔۔۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر! میں ذرا وضاحت کرلوں؟

جناب سپیکر: جی منور خان صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: یہ سر! میڈم کا بہت ہی Important Question ہے سر، اس میں میرے خیال میں سارے ایم پی ایز Involved ہونے چاہئیں کیونکہ یہاں پر انجینئرنگ کا جو ڈیپارٹمنٹ وہ بتا رہے ہیں کہ اس میں بلڈوزر وغیرہ ساری یہ چیزیں ہیں جو کہ ایسی زمینوں کو وہ کرتے ہیں لیکن ڈیپارٹمنٹ کے پاس یہ ڈیٹیلز ان کو نہیں دی گئیں کہ ان کے پاس ٹوٹل کوہاٹ میں یا باقی دوسرے ڈسٹرکٹس میں ان کے

پاس کتنے بلڈوزر ہیں یا کوئی نئے خریدنے کا کوئی پروگرام ہے کہ ہم نئے بلڈوزر خریدیں گے؟تاکہ جو اراضی ہے-----

جناب سپیکر: اس کو کمیٹی میں بھیجتے ہیں۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: اراضی جو سیلاب کی وجہ سے خراب و تباہ ہو چکی ہے۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب نے بھی Agree کر دیا، آگے جاتے ہیں۔

Is it the desire of the House that the Question, asked by the honourable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Question No. 2242. Najma Shaheen.

* 2242 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیا وزیر زراعت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع کوہاٹ میں سبزی اور پھلوں کے ریسرچ کا دفتر موجود ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو امرود کے باغات جو کہ تباہی سے دوچار ہیں، ان کی بحالی کیلئے حکومت نے کیا اقدامات کئے ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب اکرام اللہ خان گنڈاپور (وزیر زراعت): (الف) جی ہاں، ضلع کوہاٹ میں سبزیوں اور پھلوں کے ریسرچ کا دفتر بنام بارانی تحقیقاتی سٹیشن جرما موجود ہے۔

(ب) زرعی تحقیقی ماہرین جو سفارشات امرود کے باغات کے تحفظ کیلئے تجویز کرتے ہیں، وہ سفارشات محکمہ زراعت (شعبہ توسیع) اپنے فیلڈ سٹاف کے ذریعے کاشتکاروں کو ان کی دہلیز پر پہنچاتے ہیں اور ساتھ ساتھ باغات کی دیکھ بھال/نگہداشت کے بارے میں کاشتکاروں کی عملی رہنمائی بھی کرتے ہیں۔

محکمہ زراعت (شعبہ توسیع) نے ضلع کوہاٹ میں امرود کے باغات کے فروغ کیلئے ایک سرکاری نرسری قائم کی ہے جہاں امرود کے اعلیٰ اقسام کے پودے تیار کرکے کاشتکاروں کو سرکاری نرخ پر مہیا کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ باغات کو نقصانات سے بچاؤ کیلئے کاشتکاروں کی رہنمائی کی جاتی ہے اور انہیں کیڑے مکوڑوں کے مربوط انسداد کے بارے میں آگاہ کرتے ہیں جس سے حشرات کے نقصانات کا ازالہ کرکے پیداوار میں اضافہ

کیا جاسکتا ہے۔مزید برآں امرود کے باغات کو تباہی سے بچانے کیلئے امسال ایک ترقیاتی منصوبے کے تحت کاشتکاروں کو پھل کی مکھی کے انسداد کیلئے رعایتی قیمت پر(Fruit Fly Traps) مہیا کر رہے ہیں تاکہ وہ اپنے باغات کو پھل مکھی سے بچاکر اس کی پیداوار بڑھائے۔اس کے علاوہ باغات کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے کاشتکاروں کو عملی تربیت دی جائے گی۔

محترمہ نجمہ شاہین: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔جناب سپیکر صاحب! ضلع کوہاٹ کے جو امرود ہیں یا امرود کے باغات تھے، وہ پورے پاکستان میں مشہور تھے لیکن محکمہ کی یہ کمزوری ہے کہ وہ جتنے بھی باغات ہیں، یہ کرپشن کی وجہ سے یا اس کی دیکھ بھال نہ کی جانے کی وجہ سے وہ سارے تباہی کا شکار ہو چکے ہیں اور یہ محکمہ نے جو ڈیٹیلز دی ہیں، یہ عملی طور پر بالکل بھی درست نہیں ہیں۔اس کیلئے کمیٹی تشکیل دی جائے تاکہ ان باغات کو دوبارہ اسی طرح قائم کیا جائے جیسا کہ یہ پہلے پورے ملک میں امرود کی سپلائی اور رسد جاتا تھا، یہ ڈیپارٹمنٹ کی نااہلی ہے اور کرپشن کا ثبوت ہے۔

جناب سپیکر: منسٹر ایگریکلچر، اکرام اللہ گنڈاپور صاحب۔

وزیر زراعت: بالکل جی، کمیٹی اگر امرود کی فصل کر سکتی ہے تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: جی میڈم۔اس کے حوالے سے آپ میرے خیال میں ایک Proper meeting، اکرام اللہ صاحب! آپ Proper meeting arrange کریں جس میں کوہاٹ کے دیگر ایم پی ایز بھی بیٹھیں اور یہ بھی بیٹھیں تاکہ وہاں کوہاٹ کے حوالے سے آپ جو جو Consideration وہ کر لیں، ٹھیک ہے میڈم؟

محترمہ نجمہ شاہین: جی ٹھیک ہے۔

Mr. Speaker: Ji, next. Salih Muhammad Sahib, 2279, not present. Madam Anisa Zeb, 2268.

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر صاحب! وہ منسٹر صاحب نہیں ہیں تو ڈیفر کریں، میں نے Agree کر لیا تھا، انہوں نے ریکویسٹ کی تھی۔

Mr. Speaker: Deferred, deferred. Question No. 2270. Mohtarama Sobia Shahid, not present. 2285, Mohtarama Sobia Shahid, not present. Janab Zareen Gul Sahib, 2271.

* 2271 _ جناب زرین گل: کیاوزیرلائیوسٹاک وماہی پروری ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 12-2011 کے 4 بلین پیکج میں ضلع تورغر میں ماہی پروری کی ترقی و افزائش کیلئے 60 ملین سے بھی زیادہ رقم مختص کی گئی تھی؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2011 سے تاحال ماہی پروری کی افزائش و ترقی کے منصوبوں پر کتنی رقم خرچ کی جاچکی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محب اللہ خان (معاون خصوصی برائے لائیوسٹاک وامداد باہمی): (الف) جی نہیں۔

(ب) ایضاً۔

جناب زرین گل: ډیره شکریه، محترم سپیکر صاحب۔ سوال نمبر 2271 (الف)، (ب)۔ دا جی ما تپوس کړے وو چې آیا سال 12-2011 د تورغر چې کوم پیکج شوے وو چار بلین، ساټھ ملین روپئ چې کوم دے تاسو د فشری د پاره ایښې وې، دوئ وائی چې ناں، بیا ما دا تپوس کړے وو چې آیا بیا د هغې د ترقئ، د افزائش په منصوبو باندې څومره خرچه شوې نو دوئ د سره هډو ایښې نه دی نو پیسې خو ایښې وې، ما ته پته ده چې ایښې ئے دی، هسې خو ما دا سوال نه دے کړے خو چونکه ډیپارټمنټ به نه وی خبر، دا به کیدے شی چې پی اینډ ډی ته پته وی یا بل چا ته پته وی لیکن دا پیسې ئے ایښې وی خو اوسه پورې پرې عملدر آمد نه دے شوے۔

جناب سپیکر: جی، محب اللہ خان!

جناب محب اللہ خان (معاون خصوصی برائے لائیو سٹاک و امداد باہمی): جی شکریه، جناب سپیکر۔ لالا چې کوم سوال کړے دے جی، دا تورغر کښې په 2012 کښې نوې ضلع جوړه شوه جی، په هغې کښې یو پیکج په هغه ټائم صوبائی حکومت تورغر د پاره نوے پیکج ورکړے وو، چونکه دلته مونږه له دوئ جواب په "نہیں" کښې لیکلې دے خو بهرحال هغه اے ډی پی نمبر کښې د دوئ هغه ساټھ ملین چې کومې وې، هغه وې خو چونکه په هغه ټائم کښې پراجیکټ چې کوم ډائریکټر وو،

هغه ډی سی تورغر وو، په هغه ټائم کښې لالا د فشریز ډیپارټمنټ چونکه نوې ضلع وه هلته کښې او هلته فشریز ډیپارټمنټ نه وو نو چونکه هغه نوی نوی هلته زمونږه دغه تلل، اے ډی مونږه شفټ کول، هغه ځائې کښې زما خیال دے چې مونږ ته هغه پیسې فشریز ډیپارټمنټ ته چې کوم دی نو هغه مونږ ته نه دی ریلیز شوی۔ چونکه زمونږه بیا په 2013 کښې په 13-12 چې کوم دے هلته کښې زمونږه دغه تلی دی، دا اے ډی تلے دے Proper، نو زما خیال دے د هغه ټائم ډپټی کمشنر صحیح جواب ورکولے شی چې هغه پیسې چرته لاړې؟ مونږه هم د هغې په طمع یو، زما خیال دے چې هغه د هغوی په Disposal باندې وې جی۔

جناب سپیکر: جی، زرین گل صاحب!

جناب زرین گل: محترم سپیکر صاحب! نو پکار ده چې دوئ د دې تپوس اوکړی، د هغه ډیپارټمنټ تپوس اوکړی چې بهئ په دې پیکج کښې دا ساتھ ملین پرتې وې نو اوس اے ډی شته، دغه شته، سټاف شته، خوړونه شته او د مهاشیر د افزائش د پاره ډیر غټ زبردست سکوپ دے، د ټراؤټ د پاره ډیر غټ سکوپ دے او په هغې باندی فزیبیلټی رپورټ هغه هر څه جوړ شوی وو او پیسې چې کوم دے درې څلور کاله اوشو او هغه چې کوم دے چې ورځ تیریږی نو هغه Devalue کیږی، اوس څلور کاله تیر شو نو مهربانی د اوکړی چې دوئ د دغه، دا ډیپارټمنټ د مهربانی اوکړی پی اینډ ډی ته د اووائی یا هلته چې کوم دے هغوی سره رابطه اوکړی چې تاسو دا پیسې ایښی وې او تاسو دا سټاف دغه کړے دے، خوړونه شته، پیسې شته، سټاف شته، ولې دا یوټیلائز کیږی نه؟

جناب سپیکر: جی جی، هاں جی۔

معاون خصوصی برائے لائیوسٹاک وامداد باہمی: جناب سپیکر! زما خیال دے چې هغه ټائم کښې چونکه کیدے شی لالا خو زما خیال دے پینځه شپږ پیرې ایم پی اے پاتې شوے دے، پکار ده دوئ په هغه ټائم کښې د دې په ټائم ټائم تپوس کولے چې دا پیسې چرته تلې دی خو بهرحال په هغې کښې بیا سی ایم صاحب زمونږ گورنمنټ ټائم کښې ډائریکټیوز کړی وو، په هغې باندې زمونږه په 2014-09-19 باندې د هغې زمونږه سپیشل سیکرټری یو میټنگ شوے دے، بیا دیکښې زه 15-2014 اے

ډی پی کښې مونږه یو سکیم اچولے دے چې هغې ته ففټی ففټی پراؤټ فارمنګ شراکت په بنیاد سره، نو ان شاء الله هغې کښې مونږه هزاره ډویژن او ملاکنډ ډویژن اچولے دے۔ د لالا صاحب دا ګیله چې کوم ده، دا به مونږ ان شاء الله دغه کړو او هغې کښې مونږه تورغر کښې د هغې په فیزیبلټی باندې خبره روانه ده، ان شاء الله په هغه پیکج کښې به د دوئ برابر باقاعده حصه وی ان شاء الله او زه یو یقین دهانی دوئ ته ورکوم چې هلته به مونږه ان شاء الله ډیویلپ کوؤ چې څومره تاسو غواړئ، ستاسو خواهش دے نو ان شاء الله دا به کیږی، ضرور به کیږی۔

جناب سپیکر: ہاں،Next-----

جناب زرین گل: دا زمونږه وزیر صاحب چې کوم دے مونږه ورو ورو Train کوؤ۔

جناب سپیکر: چونکه چې ټائم دغه کړو، دا زه وایم چې دا ټائم مونږه لږ دغه کړو۔ 2311، شاه حسین صاحب، (موجود نہیں)۔ زه عبدالکریم خان ته دا خواست کوم چې ستا دا دریواړه کوئسچنز زه به Minister concerned ته دا اووایم چې تاسو سره یو Proper meeting اوکړی او ستاسو دا ایشوز په میټنګ کښې Settled کړی۔ منسټر صاحب! تاسو به جی دوئ سره Proper، یو ټائم ورکړئ او دوئ سره به Proper meeting اوکړئ چې د چا چا ورسره دغه دی۔ جی کریم خان! دا دریواړه کوئسچنز 2319، 2335، 2336۔ جناب عبدالکریم خان۔

* 2319 _ جناب عبدالکریم: کیاوزیر زراعت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ محکمہ مختلف فصلوں کے بیج پر تحقیق کرتا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبہ بھر میں کون کونسے فصلوں سے Hybrid seed دریافت کیا گیا ہے، گزشتہ پانچ سالوں کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب اکرام اللہ خان گنڈاپور (وزیر زراعت): (الف) ہاں، محکمہ زراعت کے شعبہ تحقیق میں مختلف فصلوں کے بیج پر تحقیق ہوتی ہے۔ زرعی تحقیق کے ذیلی ادارے (Cereal Crops Research Institute Pir Sabaq) میں گندم، مکئی اور جو پر تحقیق ہوتی ہے۔ ان فصلوں کی نئی نئی اقسام دریافت

کی جاتی ہیں، مکئی کی جو Hybrid اقسام پیدا کی گئی ہیں، ان میں بابر، کرامت اور غوری شامل ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

قسم ہائبرڈ	منظوری کا سال
بابر Double Cross	1998
غوری Signal Cross	1998
کرامت Signal Cross	2008

چونکہ سالانہ غیر ترقیاتی بجٹ میں Hybrid تخم کی پیداوار بہت مشکل ہوتی ہے اسلئے Hybrid کی پیداوار کیلئے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں ایک منصوبہ (Maize Hybrid Seed Production through Public Private Partnership) کے عنوان سے 10-2009 میں منظور کیا گیا۔ کیونکہ اس منصوبہ میں زمیندار کو دو قسم کے نر اور مادہ بیج دیئے جاتے ہیں۔ اس کیلئے بابر کے Hybrid قسم کا انتخاب کیا گیا۔

(ب) محکمہ زراعت کے شعبہ تحقیق میں زرعی اجناس کے تحقیقاتی ادارے پیر ساق میں تاحال صرف مکئی کی Hybrid قسم (بابر) بیج زیادہ مقدار میں پیدا کیا گیا ہے۔ چونکہ زمینداروں کو دستیاب ہے۔ گزشتہ پانچ سالوں میں مکئی کی Hybrid کی پیداوار کچھ اس طرح ہے:

سال	Parental line	پیداوار معیاری Hybrid بیج (ٹن)
2009-10	4500 Kg	---
2010-11	---	35.072

جولائی 2010 کے تباہ کن سیلاب کی وجہ سے ریسرچ سٹیشن میں موجود Parental Line کا بیج پانی میں بہہ گیا تھا اسلئے 12-2011 میں Hybrid بیج پیدا نہ ہو سکا تاہم 11-2010 میں موجود جو Hybrid بیج زمینداروں کے ساتھ کاشت کیا گیا تھا، اس کا زیادہ تر رقبہ ضلع صوابی میں تھا۔ سیلاب کی وجہ سے نہر ٹوٹ گئی لہذا وہاں آبپاشی کا پانی انتہائی ضرورت کے وقت 45-40 دن تک میسر نہیں تھا جس کی وجہ سے زمینداروں

کے پاس کاشت کی گئی Hybrid بیج کی پیداوار بہت ہی کم ہوئی اسلئے 11-2010 میں صرف 35 ٹن Hybrid بیج پیدا کیا گیا۔

چونکہ سیلاب کی وجہ سے زیادہ تر Parental Lines پانی میں بہہ گئے اسلئے جو تھوڑی سی رہ گئی تھی ان کو 12-2011 میں کاشت کرکے زیادہ کیا گیا۔

Hybrid بیج کی تفصیل درج ذیل ہے:

سال	Parental Lines	پیداوار معیار Hybrid بیج (ٹن)
2011-12	1825 Kg	---
2012-13	3448 Kg	169.5226
2013-14	3936 Kg	158.226
2014-15	---	161.136

(زمینداروں سے خریداری جاری ہے)

* 2335 _ جناب عبدالکریم: کیاوزیر کوآپریٹیوارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیاکوآپریٹیو بینک محکمہ زراعت کے تحت کام کرتاہے؛

(ب) اگر (الف) کاجواب اثبات میں ہوتو کوآپریٹیو بینک کے موجودہ وسائل اور کارکردگی کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محب اللہ خان (معاون خصوصی برائے لائیوسٹاک و کوآپریٹیو): (الف) بینک کے موجودہ وسائل اور کارکردگی کی تفصیل درج ذیل ہے:

جنوری 2011 میں صوبائی اسمبلی کے قرارداد کی روشنی میں سیکرٹری محکمہ زراعت کے آرڈر سے کوآپریٹیو بینک کو بحال کیا گیااور فنانس ڈیپارٹمنٹ نے بینک کی بحالی کیلئے مبلغ ایک ارب روپے بلاسود قرضے دینے کا اعلان کیا جس کی مد میں اب تک 80 کروڑ روپے چار یکساں سالانہ اقساط میں ادا کردیئے گئے ہیں۔

بینک کو دوبارہ اصل حالت میں فعال بنانے کی راہ میں چند قانونی مسائل درپیش ہیں جن کے حل کیلئے تیزی سے کام جاری ہے جبکہ اسی سلسلے میں ایک سمری وزیراعلیٰ صاحب خیبر پختونخوا کوارسال کردی گئی ہے جس کی منظوری کاانتظار ہے تاکہ ان قانونی پیچیدگیوں کو حل کرکے بینک کو جلد فعال کیا جائے۔

بینک کے کل اثاثہ جات۔ 1250.391 ملین۔

بینک کے کل واجبات۔ 863.132 ملین۔

اثاثہ جات کی تفصیل درج ذیل ہے:

Frontier Provincial Cooperation Bank Ltd, Khyber Pakhtunkhwa,
Head Office, Peshawar Cantt:
Statement showing position of liquid assets and liabilities , as on 31-01-2015

	Assets: A. Liquid assets	Liabilities	Rs. In Million
i.Banks Balances	420.113	I. Borrowing from Provincial Govt:	800.000
ii.Investment	557.500	ii. Staff Provident fund	.276
iii.Cash on hand	0.006	iii. Customers deposits	31.601
Total	977.619	iv. Share Capital	31.255
Less H.O Building Security	7.000		
Net Liquid Assets	970.619		
Grnad total	**970.619**	Grand total	**863.132**

B. Detail of other and fixed assets

i). Loans & advances:	179.683
Principal	(114.423)
Mark-up	(65.260)
ii). Staff loans:	00.089
iii). (Land & building)	100.000
Grand total: (A+B)	**1250.391**

* 2336 _ جناب عبدالکریم: کیا وزیر زکواۃ و عشر ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2013-14 اور 2014-15 میں ضلع صوابی میں بھرتیاں ہوئی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو بھرتی شدہ افراد کے نام، ولدیت، سکیل، گاؤں، تحصیل و حلقہ کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب حبیب الرحمان (وزیر زکواۃ و عشر): (الف) ضلع صوابی میں کسی کو بھی منظور شدہ آسامی (Sanctioned Post) پر بھرتی نہیں کیا گیا، البتہ مندرجہ ذیل افراد کی چیئرمین ضلع زکواۃ کمیٹی صوابی

نے بحیثیت مجاز اتھارٹی مورخہ 27-11-2014 کو 30 جون 2015 تک خدمات عارضی طور پر کنٹریکٹ کی بنیاد پر بحیثیت گروپ سیکرٹری/زکواۃ کلرکس حاصل کی ہیں جن کو معاوضہ زکواۃ فنڈز سے طے شدہ شرائط کے مطابق دیا جاتا ہے۔

1۔ شاہ زمان ولد تاج ولی خان سکنہ مانیرئی حلقہ PK-31 ضلع صوابی۔

2۔ جاوید خان ولد عظیم خان سکنہ چارباغ حلقہ PK-31 ضلع صوابی۔

3۔ کفایت اللہ ولد شاہ روز سکنہ کالو خان روڈ PK-33 ضلع صوابی۔

جناب عبدالکریم: تهیک شوه جی، زه دې له تيار يم جی خو چې دا سې وعده نه وی لکه مشتاق غنی صاحب چې را سره کړې وه۔ د صوابئ يونيورسټئ متعلق ما دغه اوکړو کميټئ ته نو دوئ وائی چې دې له به لس ورځې، کميټئ کښې وائی دا ډير اوږد شی، لس ورځې ټائم پکښې دے۔ هم دفتر ته به ئے رااوغواړم او ستا دا مسئله، نو دا سې مهربانی د اوشی چې په فلور باندې مونږ ته يو خبره کيږی نو زمونږ خو دغه ځائې آسره ده چې مونږ خپلې هغه دلته راؤړو-----

جناب سپیکر: کريم خان! هغې حوالې سره باقاعده پريويلج نوټس راؤړه، زه به هغه دغه کړم او زما خيال دے چې په هغې باندې پريويلج جوړيږی بالکل۔

(مداخلت)

جناب سپیکر: جی آپ دونوں کے ساتھ ہیں، آپ ان کے ساتھ Proper meeting کر کے جو جو ممکن ہو سکتا ہے، آپ اس کے ساتھ پھر کر لیں گے۔

غیر نشاندار سوالات اور انکے جوابات

1909 _ جناب اعظم خان درانی: کیا وزیر انتظامیہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست کہ ہے کہ سرکاری ملازمین کو کارپوریشن حدود میں ذاتی گھروں پر ہاؤس سبسڈی دی جاتی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ ہاؤس سبسڈی کا طریقہ کار کیا ہے؛

(ii) محکمہ کے پاس تاحال کتنی درخواستیں زیر التواء پڑی ہیں، درخواست کنندگان کے نام، محکمہ اور درخواست دینے کی تاریخ کی تفصیل، نیز حکومت مذکورہ درخواستوں کو کب تک نمٹانے کاارادہ رکھتی ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب پرویز خٹک(وزیراعلیٰ): (الف) جی ہاں۔

(ب) (i) محکمہ انتظامیہ ان صوبائی سرکاری ملازمین کو جو کہ میونسپل کارپوریشن پشاور کی حدود میں ذاتی مکانات میں رہائش پذیر ہوں اور میونسپل کارپوریشن کی حدود میں تعینات ہوں، کوایک مروجہ طریقہ کار یعنی گھر کا انتقال، منظور شدہ نقشہ، Limit Certificate اور دیگر ضروری دستاویزات کو اپنے محکمے کی وساطت سے بھیجے جانے کے بعد سبسڈی کمیٹی کی منظوری کے بعد سبسڈی دی جاتی ہے۔

(ii) محکمہ کے پاس جتنی بھی درخواستیں زیر التواء ہیں، ان کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔ محکمہ اس سلسلے میں یہ وضاحت کرنا ضروری سمجھتا ہے کہ پچھلے سالوں میں ہاؤس سبسڈی کی فراہمی روک دی گئی تھی جس کی بڑی وجہ ملازمین کی طرف سے جعلی دستاویزات جمع کرا کر ہاؤس سبسڈی وصول کرنا تھی، اس وجہ سے بہت سی درخواستیں جمع ہو گئیں۔ اب محکمہ نے طریقہ کار تبدیل کر کے دوبارہ سبسڈی کیسز کی Processings شروع کر دی ہے۔ اب ہر محکمہ میں سبسڈی کی درخواستوں کی جانچ پڑتال کیلئے سب کمیٹیاں بنائی گئی ہیں۔ اس طرح تمام جمع شدہ درخواستوں کو کم عرصہ میں نمٹا دیا جائے گا۔

2226 _ جناب صالح محمد: کیا وزیر خزانہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ این ایف سی ایوارڈ رپورٹ 13-2012 ترجیحات اور عملدر آمد میں ٹیکسز کی وصولی کیلئے مقررہ اہداف کے جدول میں جولائی تا دسمبر 13-2012 کے دوران صوبائی حکومت نے اہداف کا صرف 23.2 فیصد جبکہ دیگر صوبائی حکومتوں نے مذکورہ عرصہ میں اپنے اہداف کا تقریباً 44 فیصد محاصل جمع کئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب مثبت میں ہو تو مد وار تمام محکموں کے مذکورہ عرصہ کیلئے اہداف اور وصولیات کی تفصیل فراہم کی جائے، نیز کم وصولیات پر صوبائی حکومت نے کیا اقدامات اٹھائے ہیں، آگاہ کیا جائے؟

جناب مظفر سید(وزیر خزانہ): (الف) جی ہاں۔

(ب) (1) تمام محکموں کے ٹیکسوں کے اہداف مدوار اور ان کی وصولی کی تفصیلات (از یکم جولائی 2012 تا دسمبر 2012) ایوان کو فراہم کی گئیں۔

(2) جہاں تک ٹیکسوں کی کم وصولی کا تعلق ہے، اس ضمن میں گزارش ہے کہ خدمات پر جی ایس ٹی کی وصولی 13-2012 میں وفاقی حکومت کے سپرد تھی اور وفاقی حکومت وصولی کے بعد اسے صوبائی حکومت کو سال کے دوران مختلف اوقات میں منتقل کرتی رہی ہے۔ مزید برآں وفاقی حکومت نے جنرل سیلز ٹیکس کا حجم نظر ثانی شدہ تخمینہ جات میں 9886 ملین سے کم کر کے 4289 ملین کر دیا تھا جس میں سے صرف 2410 ملین روپے وصول ہوئے۔ ٹیکسوں کی کمی کی ایک اور وجہ واپڈا سے ملنے والی الیکٹریسٹی ڈیوٹی بھی ہے جس میں صرف 300 ملین وصول ہوئے جبکہ مالی سال 13-2012 کیلئے تخمینہ 500 ملین کا تھا۔

(3) صوبے کے اپنے ٹیکسوں کی وصولی بھی سال کے دوران مختلف اوقات کار کے مطابق کی جاتی ہے یہی وجہ ہے کہ محکموں کی وصولی سال کے اختتام پر تسلی بخش رہی۔ تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

(4) صوبائی حکومت نے ٹیکسوں کی وصولی کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے درج ذیل اقدامات اٹھائے ہیں:

- دستور میں اٹھارہویں ترمیم کے بعد یکم جولائی 2013 سے خدمات پر سیلز ٹیکس صوبائی حکومت خود وصول کرتی ہے جس کیلئے خیبر پختونخوا ریونیو اتھارٹی کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ اتھارٹی کے قیام کے پہلے سال ہی تقریباً چھ بلین روپے وصول ہوئے ہیں۔
- ٹیکسوں کی وصولی کا سہ ماہی بنیادوں پر جائزہ لیا جاتا ہے اور متعلقہ محکموں کے ساتھ مشاورت کی جاتی ہے جہاں وصولی کم ہو تو متعلقہ محکمے سے اس کی وجوہات طلب کی جاتی ہیں۔ اس سلسلے میں فراہم کردہ مراسلے ملاحظہ کئے گئے۔

2279 _ جناب صالح محمد: کیا وزیر انتظامیہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ انتظامیہ کے تحت ایک ہیلی کاپٹر برائے ایمرجنسی ریلیف کاموں کی انجام دہی کیلئے موجود ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو 2014-08-14 سے اب تک ہیلی کاپٹر کو کتنی بار کہاں کہاں اور کس کس نے استعمال کیا، نیز اس کیلئے مرحلہ وار اخراجات اور فراہم کردہ فنڈز کی بھی تفصیلات فراہم کی جائیں؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): (الف) یہ درست نہیں ہے۔ مذکورہ ہیلی کاپٹرز وزیر اعلیٰ اور گورنر خیبر پختونخوا کے سرکاری استعمال کیلئے خریدے گئے ہیں۔

(ب) مذکورہ ہیلی کاپٹرز کبھی بھی ایمرجنسی ریلیف کاموں کی انجام دہی کیلئے استعمال نہیں ہوا۔ دونوں ہیلی کاپٹرز کے اخراجات اور فنڈز کی تفصیلات ایوان کو فراہم کی گئیں۔

2270 _ محترمہ ثوبیہ شاہد: کیا وزیر سماجی بہبود ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں گداگروں کی بھرمار ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت نے گداگروں کو سدھارنے اور معاشرے کے کارآمد شہری بنانے کیلئے کیا اقدامات اٹھائے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

محترمہ مہر تاج روغانی (معاون خصوصی برائے سماجی بہبود و ترقی نسواں): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ صوبے میں گداگر کافی تعداد میں موجود ہیں۔

(ب) صوبائی حکومت نے کم عمر اور بالغ گداگروں کی فلاح و بہبود کیلئے محکمہ سماجی بہبود، خصوصی تعلیم و ترقی خواتین صوبہ خیبر پختونخوا کے تحت چلنے والے مندرجہ ذیل ادارے قائم کئے ہیں:

1۔ دارالکفالہ پشاور

2۔ دارالکفالہ مردان

3۔ دالالکفالہ سوات

4۔ ویلفیئر ہوم برائے گداگر بچے پشاور

مندرجہ بالا مراکز کے ہر ادارے میں بیک وقت 30 بچوں / بالغ گداگر رہنے کی گنجائش ہے جن میں ان کو مفت خوراک، رہائش، مذہبی اور فنی مہارت کی تعلیم دی جاتی ہے۔ الیکٹریشن، کیننگ، ٹیلرنگ اور کارپینٹر کا کام سکھایا جاتا ہے۔

2285 _ محترمہ ثوبیہ شاہد: کیا وزیر آبپاشی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ مالی سال 15-2014 کے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں ضلع ہری پور کیلئے آبپاشی کی مد میں فنڈ مختص کیا گیا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع ہری پور کیلئے کتنا فنڈ مختص کیا گیا ہے، حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان (وزیر آبپاشی): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت نے مالی سال 2014-15 کیلئے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں آبپاشی کی مد میں فنڈز مختص کئے ہیں جن کی حلقہ وائز تفصیل درج ذیل ہے:

(ب) ہزارہ ایریگیشن ڈویژن ایبٹ آباد:

حلقہ	اے ڈی پی نمبر	مختص شدہ رقم
پی۔کے 50 ہری پور	1181	18.997 ملین
پی۔کے 52 ہری پور	1181	10.000 ملین
پی۔کے 51 ہری پور	1182	1.061 ملین
پی۔کے 50 ہری پور	1137	3.000 ملین
پی۔کے 50 ہری پور	1185	5.950 ملین
پی۔کے 52 ہری پور	1185	5.940 ملین
پی۔کے 50 ہری پور	1188	9.994 ملین
پی۔کے 52 ہری پور	1188	9.998 ملین

2311 _ جناب شاہ حسین خان: کیا وزیر انتظامیہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ انتظامیہ سول سیکرٹریٹ میں کلاس فور آسامیوں پر بھرتی کا مجاز ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ وقتاً فوقتاً ریٹائرمنٹ پر خالی شدہ آسامیوں پر 25 فیصد Employees sons quota اور 75 فیصد کے حساب سے نئی بھرتیاں کی جاتی ہیں؛

(ج) اگر(الف)و(ب)کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) محکمہ انتظامیہ سے سال 2012 سے تاحال کل کتنے کلاس فور ملازمین ریٹائر ہوئے ہیں، ان کے نام، ولدیت، عہدہ اور ریٹائرمنٹ کی تاریخ کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) مذکورہ آسامیوں کیلئے کل کتنے امیدواروں نے Employees sons quota کے تحت درخواستیں جمع کرائی ہیں، ان کے نام، ولدیت، ڈومیسائل، تعلیمی قابلیت اور سنیارٹی لسٹ کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(iii) محکمہ نے سال 2012 سے تاحال کل کتنے کلاس فور ملازمین بھرتی کئے ہیں، ان کے نام، ولدیت، ڈومیسائل، تعلیمی قابلیت اور کس کے سفارش پر بھرتی کئے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؛

(iv) آیا صوبائی حکومت Employees sons quota کے تحت تعیناتی کے منتظر امیدواروں کو خالی آسامیوں پر بھرتی کا ارادہ رکھتی ہے، اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائیں؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج)(i) سال 2012 سے تاحال ریٹائر ہونے والے کلاس فور ملازمین کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

(ii) مذکورہ آسامیوں کیلئے جن امیدواروں نے Employees sons quota کے تحت درخواستیں جمع کی ہیں، ان کی تفصیل بھی ایوان کو فراہم کی گئی۔

(iii) محکمہ نے سال 2012 سے تاحال جن کلاس فور ملازمین کو بھرتی کیا ہے، ان کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

(iv) جی ہاں۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: جی نیکسٹ آئٹم، چھٹی کی درخواستیں: جناب سلیم خان صاحب، ایم پی اے 08-05-2015 تا 05-06-2015؛ جناب شکیل، محترمہ نادیہ شیر، جناب صالح محمد صاحب، جناب ضیاءاللہ آفریدی، جناب ابرار حسین، محترمہ رقیہ حناء، منظور ہیں جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

Mr. Speaker: Item No. 7, Mr. Sikandar Hayat Khan.

Mr. Sikandar Hayat Khan: Thank you, Mr. Speaker. Sir, I would like to draw the attention of the Government to the lack of teachers in Government Girls Higher Secondary School Sherpao. There are more than 1200 girls studying in this school but the ratio of teachers is far less. Especially deficiency of science teachers is affecting the studies of the students. Despite repeated demands by the locals for more teachers, no action has been taken.

جناب سپیکر! دا بار بار ما منسٹر صاحب سرہ ھم دا خبرہ اوچتہ کړې وہ او د دې نہ مخکښې ھم ما دوہ ځلہ دا دغہ راوستے وو خو ھغہ پہ ایجنډا باندې رانغے۔ مونږ دا کوشش کوؤ چې ھلتہ کښې د ټیچرز کمے دے او چې ھغہ ټیچرز ملاؤ شی، د جینکو ھائر سیکنډری سکول دے او 1200 تعداد ھغې کښې بنہ لوئې تعداد دے چې ھغوی تہ ټیچرز پورہ Provide شی، نو زہ دا طمع لرم چې حکومت بہ پہ دې باندې کارروائی کوی جی۔

جناب سپیکر: کون Respond کرے گا؟ اچھا عارف یوسف صاحب! عارف یوسف، عارف یوسف۔

جناب عارف یوسف (معاون خصوصی برائے قانون): جی سر!

جناب سپیکر: اچھا، مشتاق غنی صاحب۔

معاون خصوصی برائے قانون: ٹھیک ہے سر۔

جناب مشتاق احمد غنی (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): جناب سپیکر! جس سکول کا آنریبل شیر پاؤ صاحب نے ذکر کیا ہے، گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول شیر پاؤ ہے، 1244 گرلز سٹوڈنٹس ہیں اس سکول کے اندر، ایشو وہاں یہ ہے کہ کوئی ایس ایس ٹی ٹیچرز کورٹ میں گئے ہوئے ہیں اور ڈیپارٹمنٹ نے بھی سپریم کورٹ کو 'اپروچ' کیا ہوا ہے کہ اس کیس کو Contest کر رہے ہیں کہ ان کو Permission مل جائے۔ ساتھ ہی پبلک سروس کمیشن میں بھی ریکوزیشن موجود ہے اور جیسے ہی وہاں سے ٹیچرز Available ہو جاتے ہیں As soon as ڈیپارٹمنٹ کی یہ پوری کوشش ہے کہ جلد از جلد جہاں بھی پورے صوبے میں ٹیچرز کی Deficiency ہے، اس کو پورا کیا جائے اور میں آنریبل ممبر صاحب کو یہ ایشورنس دیتا ہوں کہ ان شاءاللہ As early as possible اسلئے ڈیپارٹمنٹ آج کل War footing پہ ہم لوگ کام کر رہے ہیں

تا کہ جہاں بھی ہیلتھ سیکٹر یا ایجوکیشن سیکٹر کے اندر Deficiency ہو، کسی طریقے سے بھی ہم اس کو پورا کر سکیں اور ہم ان کو ٹیچرز Provide کر سکیں۔ شکریہ۔

جناب سکندر حیات خان: جناب سپیکر صاحب! کہ لږ ډائریکشن ورکړئ چې دا لږ زر اوکړی ولې چې د هغې د وجې نه د جینکو ایجوکیشن۔۔۔۔

جناب سپیکر: زما خیال دے د ایجوکیشن ایډیشنل سیکرټری قیصر هم دلته ناست دے او زما دغه دے هغوی ته چې څنګه دغه اوشی، تاسو سره ملاؤ شی او دې حوالې سره چې څه Necessary arrangement وی چې هغه تاسو سره ډسکس کړی۔ ټهیک شو؟ کریم خان!

جناب عبدالکریم: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب! میں آپ کی وساطت سے ایوان کی توجہ عوامی نوعیت کے ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ پبلک سروس کمیشن کی کارکردگی آئے دن خراب سے بدتر ہوتی جارہی ہے۔ آج کل کے کمپیوٹرائزڈ دور میں پبلک سروس کمیشن مختلف پوسٹوں پر سال بھر میں بھی تعیناتی نہیں کرسکتی، یوں آسامیاں خالی پڑی رہتی ہیں جس سے سرکاری امور بالعموم اور عوامی بالخصوص متاثر ہورہے ہیں، نیز پبلک سروس کمیشن پر سالانہ کروڑوں روپے کا خرچ بھی ہورہا ہے،اس کے برعکس این ٹی ایس جو کہ غیر مستند پرائیویٹ ادارہ ہے جو کہ اچھی کارکردگی دکھارہا ہے، لہذا پبلک سروس کمیشن کو دور حاضر کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے اس میں اصلاحات کی جائیں تا کہ ادارے پر اٹھنے والے اخراجات کا بہتر مصرف ہوسکے، نیز این ٹی ایس کے اخراجات سے بھی بچا جاسکے۔

جناب سپیکر صاحب! مونږ که اوګورو نو پبلک سروس کمیشن زه به دا اووایم چې پاکستان چې کله جوړ شوے وو، په هغې پاتلئ باندې اوس هم روان دے۔ زمونږه ډیر بچی پبلک سروس کمیشن کښې 'اپلائی' اوکړی، بیا د دې هغه پراسیس دومره دے چې هغه کال دوه کاله پکښې اخلی، اکثر بچی د دې سره Overage شی۔ دې دور ته اوګورئ، دې ټیکنالوجیز ته اوګورئ، مونږ این ټی ایس په یو څو ورځو کښې ریزلټ راشی۔ مونږ دا غواړو چې د پبلک سروس کمیشن 'ری سټرکچرنګ' اوشی، د دې چې کوم Questionnaire تیاریږی چې هغه هم په جدید خطوطو باندې تیار شی، د دې چې کوم چیکنګ او مارکنګ وی، هغه د هم په جدید طریقو باندې او دا د باقاعده Application سره چې دے

ایډورټائزمنټ یو پوسټ د پاره کوی جی۔ جناب سپیکر صاحب! ستاسو توجه به غواړم، چې دوئ ایډورټائزمنټ د یو پوسټ د پاره کوی چې Specially هغې کښې هغه Time mention وی چې دا دوه میاشتې یا درې میاشتې یا څلور میاشتې، نو د دغې د پاره جی زما دا دغه دے ، کمیټۍ ته د لاړ شی نو دا به بهتره وی چې په دې باندې ډسکشن اوشی او په دې باندې نور ملګری Input ورکړی۔

جناب سپیکر: لاء منسٹر، پلیز۔

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ یقیناً کریم خان صاحب ډیر Sensitive issue راوړې ده۔ په دې باندې کیبنټ کښې، کیبنټ هم دا Realize کړې ده او میټنګ 19-03-2015 باندې چې کله د کیبنټ میټنګ شوے وو، په هغې کښې کیبنټ Decide کړې ده، یوه کمیټی جی، په هغې کښې عنایت الله خان صاحب، سینئر منسټر شهرام خان او مشتاق غنی صاحب، مظفر سید او محمد عاطف اینډ سیکرټری اسټیبلشمنټ، دا یو کمیټی جوړه ده او دې کمیټۍ بیا د 19/3 نه تر اوسه پورې دوه ځله میټنګ اوشو، په دیکښې دا دوئ دا سب کمیټی هم جوړه کړې ده، بهرحال دا دوئ ایشو چې کوم راوړے دے یقیناً چې ډیر اهم دے او د ډیرو ایم پی اے ګانو صاحبانو په دې باندې Concerns شته نو په دې باندې که تاسو مناسب ګڼرئ نو که دوئ په دې باندې ایګری کیږی، بالکل لاړ د شی کمیټۍ ته او کمیټی خو Already constitute ده خو که د دې نه دوئ مطمئن نه دی نو د هغې Further، څنګه دوئ غواړی، مونږ دوئ سره کولو ته تیار یو۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the call attention notice, moved by the honourable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The call attention notice is referred to the concerned Committee. Item No. 8 and 9, Honourble Minister for Higher Education-----

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جی، جی میڈم! آپ بات کریں۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، اس وقت چونکہ ایک اہم بل ایجوکیشن کے حوالے سے اس ایوان میں آرہا ہے، صرف اپنی ایک بات کو اور تمام خواتین کی طرف سے اس کو ریکارڈ پہ لانے کیلئے میں نے ایک تحریک التواء جمع کروائی ہے کہ کل جو دیر میں الیکشن ہوا ہے 95 حلقے میں، وہاں پہ جناب سپیکر صاحب! میڈیا کے تھرو اور دوسرے چینلز سے ہمیں یہ اطلاع ملی ہے کہ وہاں پہ مسجدوں میں یہ اعلان کروایا گیا ہے کہ اگر کسی خاتون نے ووٹ ڈالا تو اس کو سخت سزا دی جائے گی اور وہاں پہ زیرو پرسنٹ Ratio اس کا تھا خواتین کی پولنگ کا، صرف یہ ریکارڈ کیلئے میں اس پہ واک آؤٹ بھی نہیں کرنا چاہتی، میں اس پہ بات بھی نہیں کرنا چاہتی کہ ماحول اس وقت تلخ ہو جائے لیکن میں آپ سے امید رکھتی ہوں کہ یہ تحریک التواء اگر کسی دن بھی آنے والے اس میں اگر آپ لے آئیں تاکہ ہم اس پہ بحث کریں کیونکہ اس پہ میں الیکشن کمیشن سے بھی یہ مطالبہ کرتی ہوں کہ اس الیکشن کو جس میں خواتین کو آئین نے اس کا حق دیا ہے، ان کو اس حق سے محروم رکھا گیا ہے اور ایسی Constituency میں کہ جہاں کا یہاں پہ سینیٹرز جو بنے ہیں، انہوں نے یہیں پہ خواتین سے ووٹ مانگا ہے اور اس کے باوجود وہ اپنی Constituency جہاں پہ ان کی سیٹ خالی ہوئی ہے وہاں پہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آج۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت اورکزئی: تو جناب سپیکر! میں تلخ کوئی ماحول نہیں بنانا چاہتی، اس پہ میں آپ سے امید رکھتی ہوں کہ ہم تمام خواتین کو کھڑا دیکھ کر آپ یہ تحریک التواء لائیں گے، اس پہ بحث کرنے کی اجازت دیں گے جناب سپیکر! کیونکہ ایک اہم بل آرہا ہے اسلئے میں اس بات کو یہاں ختم کرتی ہوں۔

جناب سپیکر: ایک تو آج جو ایک بہت افسوسناک واقعہ ہوا ہے، میں چاہتا ہوں کہ اس کے حوالے سے بھی آپ، ایک وہ بھی ہو جائے، فاتحہ بھی ہو جائے اور جس میں ہمارے کچھ Ambassadors بھی۔۔۔۔۔

جناب شوکت علی یوسفزئی: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی شوکت خان، نہیں اس کے اوپر بھی کوئی بات کرلے اور پھر دعا بھی ہو جائے۔

جناب شوکت علی یوسفزئی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

جناب سپیکر: جی جی۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر! مجھے آپ یہ Assured کرائیں کہ یہ تحریک التواء ضرور آئے گی، چونکہ ایک اہم بل آرہا ہے جس کی وجہ سے میں نہ واک آؤٹ کر رہی ہوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ توThrough proper channel آپ آجائیں۔

محترمہ نگہت اورکزئی: سر! میں نے جمع کروادی ہے، میں نے آج ہی جمع کروادی ہے تو میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ مجھے دے دیں۔

محترمہ نگہت اورکزئی: اسلئے میری پہلے بھی تحریک التواء پڑی ہے جو کہ کسی نے بھی ابھی تک ٹچ نہیں کی۔

جناب سپیکر: میڈم! آپ باقاعدہ مجھے دے دیں نوٹس، وہ اس کے مطابق کریں گے۔

محترمہ نگہت اورکزئی: ٹھیک ہے سر۔

دعائے مغفرت

جناب سپیکر: شوکت خان!

جناب شوکت علی یوسفزئی: جناب سپیکر! آج انتہائی افسوناک واقعہ پیش آیا کہ ایک ہیلی کاپٹر، فوجی ہیلی کاپٹر، وہ گرا ہے اور اس میں تقریباً دو ملکوں کے سفیر ہیں، وہ اس میں مرے ہیں اور تیرہ افراد اس میں شہید ہیں، دو سفیروں کی بیگمات اس میں مر گئی ہیں، دو جو پائلٹ ہیں، وہ اس میں شہید ہوئے ہیں، تو میرے خیال سے اگر ہم پائلٹ کیلئے جو پائلٹ حضرات شہید ہوئے ہیں، اگر ان کیلئے ہم دعا کر لیں، جو تیرہ بندے شہید ہیں، شدید زخمی ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: حبیب الرحمان صاحب! ہم آج آپ کے اوپر گزارہ کر رہے ہیں، دعا کر لیں، آپ دعا کر لیں، دعا کر لیں۔

(اس مرحلہ پر دعائے مغفرت کی گئی)

Mr. Speaker: Item No. 8 and 9: Honourable Minister for Higher Education-----

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر! جناب سپیکر، مرحومین کیلئے ایک منٹ کی خاموشی ہونی چاہیئے۔

جناب سپیکر: اچھا ایک منٹ کیلئے خاموشی۔

(اس مرحلہ پر مرحومین کیلئے ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی)

جناب سپیکر: جی، میڈم آپ ایک ریزولیوشن پاس کرنا چاہتی ہیں، پھر پلیز، وہ پھر اس کے بعد۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: شکریہ جناب سپیکر۔ میں آپ سے درخواست کروں گی کہ Rule 240 کے تحت Rule 124 کو معطل کیا جائے تاکہ میں یہ ریزولیوشن پیش کر سکوں۔

قاعدہ کا معطل کیا جانا

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that rule 124 may be relaxed under rule 240, to allow the honourable Member, to move their resolution? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it.

قرار دادیں

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: شکریہ جناب سپیکر۔ یہ جوائنٹ ریزولیوشن نمبر 686 ہے جو کہ تمام Almost House، اس میں امتیاز شاہد صاحب، منسٹر لاء اینڈ پارلیمنٹری آفیئرز، جناب امجد علی صاحب، سپیشل اسسٹنٹ فار ہاؤسنگ، حیدر علی صاحب، پارلیمانی سیکرٹری، جناب ڈاکٹر مہر تاج روغانی، سپیشل اسسٹنٹ ٹو چیف منسٹر، مسٹر خلیق الرحمان، پارلیمانی سیکرٹری، مسٹر سکندر حیات خان شیر پاؤ، محترمہ خاتون بی بی، محترمہ نرگس، فوزیہ بی بی، جناب سردار حسین بابک صاحب، مولانا عصمت اللہ صاحب، جناب فضل شکور صاحب، منور خان ایڈوکیٹ صاحب، جناب شوکت علی یوسفزئی صاحب، مسٹر شکیل احمد صاحب، محترمہ نسیم حیات صاحبہ، محترمہ عظمیٰ خان صاحبہ، محترمہ رومانہ جلیل صاحبہ، محترمہ نجمہ شاہین صاحبہ، محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ، محترمہ آمنہ سردار صاحبہ، محترمہ رقیہ حنا صاحبہ، محترمہ معراج ہمایون خان صاحبہ، محترمہ راشدہ رفعت صاحبہ اور میں بذات خود، یہ سب نے ایک جوائنٹ ریزولیوشن پیش کی ہے۔

یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ اراکین صوبائی اسمبلی پر مشتمل Women`s Parliamentary Caucus کے قیام کی سفارش کی جائے جو کہ حال ہی میں حکومت کی منظور شدہ پالیسی، پالیسی فریم ورک خیبر پختونخوا ویمن ایمپاورمنٹ میں بھی تجویز کیا گیا ہے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the joint resolution, moved by the honorable Members, may be adopted? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The resolution is adopted unanimously.

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا یونیورسٹیز مجریہ 2015 کا زیر غور لایا جانا

Mr. Speaker: Item No. 8 and 9: Honourable Minister for Higher Education, Mushtaq Ghani, please.

Mr. Mushtaq Ahmad Ghani (Minister for Higher Education): Honourable Speaker Sahib, I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Universities (Amendment) Bill, 2015 may be taken into consideration at once.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Universities (Amendment) Bill, 2015 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. ‘Consideration Stage’: Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clause 1 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clause 1 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. Clause 1 stands part of the Bill. Amendment in Clause 2 of the Bill: Mufti Fazal Ghafoor, lapsed, therefore, original sub-clause (2) stands part of the Bill. Amendment in Clause 3 of the Bill: Honourable Minister for Higher Education.

